عرفان شریعت
کامل سہ حصص
مؤلفہ مجدد مائۃ حاضرہ حضرت شاہ احمد رضا خاں صاحب بریلوی قدس سرہ
سنی دار الاشاعت علویہ رضویہ لائل پور
ڈجکوٹ روڈ

مَنْ یُّرِدِ اللّٰہُ بِہٖ خَیْرًا یُّفَقِّہْہُ فِی الدِّیْنِ

الحمد للہ

کہ مجموعہ مبارکہ جامع مسائل ضروریہ حاوی احکام شرعیہ معدن نکات لطیفہ

مخزن اسرار عجیبہ

یعنی

بعض فتاوے حضور پرنور اعلحضرت مجدد مائۃ حاضرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

مسمّٰی بہ

عرفانِ شریعت

حصہ اول و دوم و سوم

جنکو مولوی محمد عرفان علی صاحب قادری رضوی بیسلپوری نے جمع کیا۔

الناشر سنی دار الاشاعت علویہ رضویہ ڈجکوٹ ضلع لائلپور

قیمت ۲/۵۰

سمٰعیل دہلوی نے ایضاح الحق میں اللہ تعالےٰ کو مکان و جہت سے پاک ماننے کے عقیدۂ دینی کو بدعت حقیقی بتایا ہے اور یہ کلمہ کفر ہے۔ دیکھو فتاویٰ قاضی خاں وفتاوائے عالمگیری وغیرہ۔ پانچویں ان کے امام مذکور نے تقویۃ الایمان میں انبیاء علیہم السلام کی شان میں سخت گستاخی کے کلمے لکھے اور یہ کفر ہے۔ دیکھو شفا شریف قاضی عیاض اور سیف المسلول امام سبکی وغیرہ۔ چھٹے اسی تقویۃ الایمان میں ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نسبت مرکر مٹی میں مل جانا لکھا ہے اور اماموں نے تصریح فرمائی ہے کہ یہ کفر ہے دیکھو شرح مواہب علامہ زرقانی مطبع مصر۔ ساتویں یہ سارا فرقہ تقلید کو شرک اور مسلمان مقلدین کو مشرک کہتا ہے اور یہ کلمہ کفر ہے دیکھو در مختار و درر و غرر و مجمع الانہر و عالمگیری و شرح فقہ اکبر وغیرہ۔

سوال ۲۸: بدعتی اور فاسق کی امامت مکروہ و ممنوع ہے یا نہیں۔

الجواب: ہاں ممنوع و مکروہ ہے۔ دیکھو طحطاوی درمختار اور طحطاوی مراقی الفلاح اور تبیین الحقائق امام زیلعی اور ردالمختار اور غنیہ اور صغیری اور فتح المعین۔

سوال ۲۹: امام بنانا دینی تعظیم ہے یا نہیں اور مبتدع کی دینی تعظیم حرام ہے یا نہیں۔

الجواب: ہاں دیکھو ردالمختار اور فتح اور طحطاوی اور زیلعی وغیرہ اور مشکوٰۃ شریف وغیرہ میں حدیث ہے کہ جو کسی بدعت والے کی تعظیم کرے بیشک اس نے اسلام ڈھانے میں مدد دی۔

سوال ۳۰: کیا مسجد میں سب مسلمانوں کا حق ہوتا ہے اور مسلمان کسے کہتے ہیں۔

الجواب: مسلمان وہ ہے جو ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی امت ہو۔ امت کے دو معنی ہیں امت دعوت جنہیں نبی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے حق کی طرف بلایا۔ یوں تو تمام عالم ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی امت ہے اور امت اجابت وہ جنہوں نے بلانا قبول کیا اور حق کو پورا مانا جب امت مطلق بولتے ہیں یہی دوسرے معنی مراد ہوتے ہیں اس معنی پر جو مسلمان ہے اس کے لئے مسجد میں حق ہے مگر مبتدع اس معنی میں داخل نہیں دیکھو توضیح امام صدر الشریعۃ اور تلویح تفتازانی۔

سوال ۳۱: تقرر امام میں بحالت اختلاف قلت رائے کا اعتبار ہے یا کثرت کا۔

الجواب: کثرت رائے کا اعتبار ہے یہاں تک کہ اگر جماعت کثیر جسے چاہے اس سے وہ افضل ہو جسے جماعت قلیل چاہے تو وہی مقرر ہوگا جسے جماعت کثیر نے چاہا۔ دیکھو عالمگیری وغیرہ۔

سوال ۳۲: کیا شیعہ کے پیچھے نماز جائز ہے یا نہیں۔